## سندھ میں بلدیاتی نظام کی مخالفت کرنے والے عناصر جمہوریت کے کھلے دشمن ہیں، الطاف حسین

## مسلم لیگ نواز سندھ میں علیحدگی پسندوں کی حمایت کرکے پاکستان دشمنوں کو مضبوط کررہی ہے

## پیپلزپارٹی اور متحدہ قومی موومنٹ، پاکستان کی سلامتی وبقاء اور جمہوریت کا تحفظ بھی کرے گی، سندھ کے حق پرست عوام 13 ستمبر کو قوم پرستوں کی ہڑتال کا مکمل بائیکاٹ کردیں، کسی جماعت یا ادارہ کی جانب سے لوکل باڈیز نظام کی مخالفت کرنے والوں کی حمایت کا عمل ملک توڑنے کے مترادف ہوگا

## کراچی سمیت ملک بھر میں ایم کیوایم کے جنرل ورکرز اجلاسوں سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب

کراچی۔۔۔8،ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ بلدیاتی نظام دنیا بھر میں جمہوریت کی نرسری اوراس کی بنیاد ہے لہٰذا جو عناصر بھی سندھ میں بلدیاتی نظام کے نفاذ کی مخالفت کررہے ہیں وہ جمہوریت کی مخالفت کررہے ہیں، ایسے عناصر جمہوریت کے کھلے دشمن اور آمریت پسند ہیں۔ ایم کیوایم اور پیپلزپارٹی جمہوریت کے خلاف آمریت پسندوں کی سازشوں کو ملکر ناکام بنادیں گے۔ مسلم لیگ نواز اپنے مذموم سیاسی مفادات کیلئے سندھ کے علیحدگی پسندوں کی حمایت کرکے دراصل پاکستان توڑنے کی سازشیں کرنے والوں کی سرپرستی کررہی ہے لیکن ایم کیوایم کی موجودگی میں ملک توڑنے کی یہ سازش کبھی کامیاب نہیں ہوگی اور سندھ کے تمام اردو بولنے والے سندھی، سندھی بولنے والے سندھی، پنجابی، پختون، بلوچ، ہزارے وال، سرائیکی، کشمیری اور تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے حق پرست عوام پاکستان توڑنے اور سندھ کو تقسیم کرنے کی سازش کو ناکام بنادیں گے۔ انہوں نے واشگاف الفاظ میں اعلان کیا کہ پاکستان پیپلزپارٹی اور متحدہ قومی موومنٹ نہ صرف صوبہ سندھ میں جمہوریت کی بنیاد لوکل باڈیز کا نظام نافذ کرے گی بلکہ پاکستان کی سلامتی وبقاء اور جمہوریت کا تحفظ بھی کرے گی۔ صوبہ سندھ نے پاکستان کے حق میں ووٹ دے کر پاکستان بنایا، بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناحؒ کا تعلق صوبہ سندھ سے تھا، صوبہ سندھ کے تین وزرائے اعظم نے پاکستان اور جمہوریت کی خاطر جام شہادت نوش کیا اوراب انشاءاللہ صوبہ سندھ ہی پاکستان کو بچائے گا۔ انہوں نے سندھ کے تمام امن پسند عوام سے اپیل کی کہ وہ 13 ستمبر کو نام نہاد قوم پرستوں کی جانب سے ہڑتال کی کال کو یکسر نظرانداز کردیں اوراس کال کا مکمل بائیکاٹ کردیں۔ یہ بات انہوں نے کراچی سمیت ملک بھر میں ایم کیوایم کے تحت جنرل ورکرز اجلاسوں سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کرتے ہوئے کہی۔ بارش کے باوجود ان اجلاسوں میں لاکھوں کارکنان نے شرکت کی جن میں خواتین بھی ہزاروں کی تعداد میں شریک تھیں۔ جنرل ورکرز اجلاس کا مرکزی اجتماع لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقد ہوا۔ اپنے خطاب میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ لوکل باڈیز، جمہوریت کی نرسری ہیں، دنیا کے ترقی یافتہ اور مہذب ممالک میں جمہوریت قائم ہے اور جمہوریت کی بنیادی تعلیم کا آغاز بلدیاتی نظام سے ہوتا ہے۔ جو فرد یا جماعت یہ کہے کہ وہ جمہوریت پسند ہے اور وہ لوکل باڈیز کی مخالف ہے تو ایسا فرد یا جماعت جھوٹی، مکار اور منافق ہوگی۔ جو عناصر سندھ میں بلدیاتی نظام کے نفاذ کی مخالفت کررہے ہیں وہ دراصل جمہوریت کے کھلے دشمن اور آمریت پسند ہیں، ملک میں جمہوریت کی مخالفت کرنے والوں کی چاہے کوئی جماعت حمایت کرے یا ملک کا کوئی ادارہ حمایت کرے یہ عمل ملک کے مفاد میں نہیں بلکہ ملک توڑنے کے مترادف ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ برطانیہ، امریکہ، فرانس، جرمنی اور دنیا کے دیگر ترقی یافتہ ممالک کا بنیادی ڈھانچہ، لوکل کونسل سسٹم یا لوکل باڈیز سسٹم پر مشتمل ہوتا ہے۔ لوکل گورنمنٹ سسٹم کے بغیر پارلیمنٹ کی کوئی حیثیت نہیں ہوتی۔ لوکل باڈیز کے سسٹم کی مخالفت کرنے کا مطلب جمہوریت کی مخالفت کرنا، لوکل باڈیز نظام کی مخالفت کرکے جمہوریت کی بات کرنے والے عیار اور مکار لوگ ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ تمام صوبوں اور صوبائی حکومتوں کا فرض تھا کہ وہ اپنے اپنے صوبوں میں لوکل باڈیز کا نظام نافذ کرتے اور بلدیاتی الیکشن کراتے لیکن انہوں نے ایسا نہیں کیا جبکہ صوبہ سندھ نے لوکل باڈیز نظام نافذ کردیا تو تین صوبوں کی طرف سے مخالفت کی جارہی ہے۔ ان تین صوبوں نے پاکستان کے حق میں ووٹ نہیں دیا تھا صرف صوبہ سندھ واحد تھا جس نے پاکستان کے حق میں ووٹ دے کر پاکستان بنایا، بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناحؒ کا تعلق بھی سندھ سے تھا۔ سندھ کے تین وزرائے اعظم نے پاکستان اور جمہوریت کی خاطر جام شہادت نوش کیا، سندھ نے پاکستان بنایا تھا اوراب انشاءاللہ صوبہ سندھ ہی پاکستان کو بچائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایک جماعت نے قائداعظمؒ کی مسلم لیگ کا نام چرا رکھا ہے اوراس جماعت کے سربراہ کی خواہش ہے کہ وہ امیرالمومنین بن جائیں لیکن ان کا یہ خواب کبھی پورا نہیں ہوگا۔ سندھ کے عوام کے مسترد کردہ متعصب علیحدگی پسندوں نے ٹرین مارچ کا آغاز کیا تو لاہور میں مسلم لیگ (ن) کے لوگوں نے علیحدگی پسندوں کا استقبال کیا جو اس بات کا ثبوت ہے کہ مسلم لیگ (ن) علیحدگی پسندوں کا خیرمقدم کرکے پاکستان کے خلاف سازش کررہی ہے۔ مسلم لیگ (ن) سندھ میں فساد پھیلانے والے علیحدگی پسندوں کی پیٹھ تھپتھپا رہی ہے، یہ عمل علیحدگی پسندوں کے حوصلے بلند کرنے اور ملک ٹکڑے ٹکڑے کرنے کی کوشش ہے لیکن ایم کیوایم کی موجودگی میں یہ سازش کبھی کامیاب نہیں ہوگی۔ مسلم لیگ (ن) نے کئی برسوں سے جنوبی پنجاب، بہاولپور اور سرائیکی عوام کے حقوق پر ڈاکا ڈالا ہوا ہے لیکن میں سرائیکی عوام، جنوبی پنجاب اور بہاولپور کے عوام کو یقین دلاتا ہوں کہ ایم کیوایم اور الطاف حسین آخری سانس تک ان کے غصب شدہ حقوق کے حصول کی جدوجہد کرتا رہے گا۔ اسی طرح میں ہزارہ کے عوام کو بھی یقین دلاتا ہوں

کہ ان کے حقوق کیلئے بھی الطاف حسین اور ایم کیوایم آخری سانس تک جدوجہد کرتی رہے گی۔ مسلم لیگ ن علیحدگی پسندوں کی حمایت کرکے پنجاب میں ایم کیوایم کے نظریہ، پیغام اور سیاسی فکروفلسفہ کو روکنے کی کوشش کررہی ہے لیکن آج پنجاب کے ہرگاؤں، گوٹھ اور دیہات میں ایم کیوایم کا نظریہ پھیل چکا ہے اور اب سندھی اور اردو بولنے والے عوام، حق پرست پنجابی، بلوچ، کشمیری، سرائیکی، ہزارے وال اور دیگر قومیتوں کے لوگ سب ملکر ملک کے خلاف سازش کو ناکام بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ جو عناصر سندھ میں نفرتیں پھیلانے والے قوم پرستوں کو پیسہ دیتے ہیں ان سے کہتا ہوں کہ خدا اور رسولؐ کے واسطے قومی دولت ان پاکستان دشمنوں اور عوام کے مسترد کردہ لوگوں پر ضائع مت کرو۔ انہوں نے کہا کہ ملک دشمنوں اور جمہوریت دشمنوں کا خفیہ ایجنڈا سامنے آچکا ہے لہٰذا محبّ وطن اور جمہوریت پسندوں کو متحد ہوکر سازشی عناصر کا مقابلہ کرنا ہوگا۔ انشاء اللہ متحدہ قومی موومنٹ اور پاکستان پیپلز پارٹی اپنے اتحاد سے پاکستان، جمہوریت اور لوکل باڈیز سسٹم کے خلاف ہر سازش کا مردانہ وار مقابلہ کرے گی۔ انہوں نے پیپلز پارٹی کے سندھی رہنماؤں اور ارکان اسمبلی کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ نام نہاد قوم پرستوں کی گیدڑ بھبکیوں میں نہ آئیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے لیڈروں کو چاہئے کہ وہ صوبہ سندھ کی فکر چھوڑ کر اپنے صوبے کی فکر کریں، کراچی میں آباد پختونوں کی اکثریت اے این پی کے نہیں بلکہ ایم کیوایم کے ساتھ ہے۔ انہوں نے سندھ بھر کے حق پرست عوام سے اپیل کی کہ وہ نام نہاد قوم پرستوں کی جانب سے 13، ستمبر کو ہڑتال کی کال کو یکسر نظر انداز کردیں اور اپنے اتحاد کے ذریعہ اس نام نہاد ہڑتال کا مکمل بائیکاٹ کریں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازشیں ہورہی ہے، ہندوؤں، عیسائیوں اور دیگر غیر مسلم پاکستانیوں کے ساتھ ناروا سلوک کیا جارہا ہے۔ رمشا مسیح کو جھوٹے مقدمے میں گرفتار کیا گیا ،اسے فی الفور رہا کیا جائے، پاکستان میں آباد عیسائیوں، ہندوؤں، سکھوں، پارسیوں اور دیگر تمام غیر مسلموں پر مظالم بند کئے جائیں، انہیں جان ومال کا تحفظ فراہم کیا جائے۔ جناب الطاف حسین نے 12، گھنٹے کے مختصر نوٹس پر کراچی سمیت سندھ بھر اور ملک کے مختلف شہروں میں طوفانی بارشوں کے باوجود جنرل ورکرز اجلاس کے انعقاد اور نظم وضبط کے مظاہرے پر ایم کیوایم کے تمام ذمہ داروں اور کارکنوں کو دل کی گہرائیوں سے زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔

## صدر آصف علی زرداری اور ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کے درمیان ٹیلیفون پر گفتگو

**سندھ میں بلدیاتی نظام کے نفاذ کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال اور ملک کے مجموعی سیاسی حالات کے بارے میں تبادلہ خیال**

**بلدیاتی نظام عوام کے بنیادی مسائل کے حل اور اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی کیلئے پورے سندھ میں نافذ کیا گیا ہے۔ صدر آصف زرداری**

**عوام کے مسائل کے حل، سندھ سمیت پورے ملک کی ترقی اور جمہوریت کے استحکام کیلئے ایم کیوایم سمیت تمام حلیف جماعتوں کو ساتھ لیکر چلیں گے۔ صدر آصف زرداری**

**بعض عناصر نہ صرف اس عوام دوست نظام کی بیجا مخالفت کررہے ہیں بلکہ اسکی آڑ میں سندھ کا امن تباہ کرنے کے درپے ہیں۔ الطاف حسین**

**جو عناصر سندھ دھرتی کا امن خراب کرنے کی کوشش کررہے ہیں، ایم کیوایم اور پیپلز پارٹی ملکر ان عناصر کے خلاف جدوجہد کریں گے**

**الطاف حسین نے بلدیاتی نظام کے نفاذ کے سلسلے میں ذاتی طور پر دلچسپی لینے پر صدر آصف زرداری کا شکریہ ادا کیا**

لندن ۔۔۔ 8 ستمبر 2012ء

صدر مملکت آصف علی زرداری اور متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے درمیان آج ٹیلیفون پر گفتگو ہوئی۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان سندھ میں بلدیاتی نظام کے نفاذ کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال اور ملک کے مجموعی سیاسی حالات کے بارے میں تبادلہ خیال ہوا۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ سندھ میں بلدیاتی نظام عوام کے بنیادی مسائل کے حل اور اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی کیلئے پورے سندھ میں نافذ کیا گیا ہے جس کیلئے پیپلز پارٹی اور ایم کیوایم کے رہنماؤں نے رات دن محنت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم عوام کے مسائل کے حل، سندھ سمیت پورے ملک کی ترقی اور جمہوریت کے استحکام کیلئے ایم کیوایم سمیت تمام حلیف جماعتوں کو ساتھ لیکر چلیں گے۔ اس موقع پر جناب الطاف حسین نے کہا کہ سندھ میں عوام کے بنیادی مسائل کے حل اور ان کے محلوں، گلیوں اور گھروں تک انصاف کی فراہمی کیلئے سندھ کی منتخب حکومت کی جانب سے بلدیاتی نظام کا نفاذ ایک مثبت عملی کوشش ہے لیکن یہ امر انتہائی افسوسناک ہے کہ بعض عناصر نہ صرف اس عوام دوست نظام کی بیجا مخالفت کررہے ہیں بلکہ اس کی آڑ میں سندھ کا امن تباہ کرنے کے درپے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ جو عناصر سندھ دھرتی کا امن خراب کرنے کی کوشش کررہے ہیں، ایم کیوایم اور پیپلز پارٹی ملکر ان امن دشمن عناصر کے خلاف جدوجہد کرینگے۔ انہوں نے بلدیاتی نظام کے نفاذ کے سلسلے میں ذاتی طور پر دلچسپی لینے اور اس ضمن میں بھرپور توجہ دینے پر صدر آصف زرداری کا شکریہ ادا کیا۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان اس بات کا اعادہ کیا گیا کہ پیپلز پارٹی اور ایم کیوایم عوام کے مسائل کے حل اور جمہوریت کی بقاء کیلئے ملکر کام کرتی رہیں گی۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن طارق میر کے علالت پر جناب الطاف حسین کا اظہار تشویش

لندن۔۔۔8اگست 2012

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن طارق میر کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام بالخصوص ماؤں ، بہنوں ، بزرگوں ،نوجوان کارکنان سے اپیل کی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے حضور طارق میر کی صحت کی یابی کے لئے خصوصی دعائیں کریں۔

## پاکستانی ٹیم نے ٹی ٹوئنٹی کی سیریز میں شاندار فتح حاصل کرکے قوم کا سرفخر سے بلند کردیا ہے،الطاف حسین
## کپتان سمیت ایک ایک کھلاڑی اور پوری قوم کوشاندار فتح پر مبارکباد

لندن:۔۔۔08ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے متحدہ عرب امارت میں منعقدہ ٹی ٹوئنٹی سیریز میں آسٹریلیا کے خلاف پاکستان کی شاندار فتح اورکھلاڑیوں کی عمدہ پرفارمنس پر پاکستانی ٹیم کے ایک ایک کھلاڑی اور پوری قوم کومبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ پاکستانی کھلاڑیوں نے بہترین ٹیم ورک اوراچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے جس طرح پاکستان کوفتح سے ہمکنار کیا ہے اس نے پوری پاکستانی قوم کا سرفخر سے بلند کردیا ہے۔ جناب الطاف حسین نے کپتان سمیت تمام کھلاڑیوں کوجیت کی مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ آئندہ بھی ایسی ہی کارکردگی کا مظاہرہ کرکے قوم کا سرفخر سے بلند کرتے رہیں گے۔

## ایم کیوایم کے زیراہتمام ملک بھر میں 38 سے زائد مقامات پر کارکنان کے اجتماعات،مرکزی اجتماع لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقد ہوا
## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کا ورکرز اجلاس کے اجتماعات سے بیک وقت بذریعہ ٹیلی فونک خطاب

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام آج ملک بھر میں کارکنان کا ہنگامی جنرل ورکرز اجلاس منعقد ہوا جس سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے لندن سے بذریعہ ٹیلیفون انتہائی اہم اورفکرانگیز خطاب کیا اورلوکل باڈیز سسٹم ،جمہوریت اور پاکستان کے خلاف کی جانیوالی سازشوں کو بے نقاب کرتے ہوئے ان سازشوں کا کھل کر مقابلہ کرنے کا اعلان کیا۔ جنرل ورکرز اجلاس کا مرکزی اجتماع عزیزآباد کے لال قلعہ گراؤنڈ میں ہوا جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز، انیس احمد قائمخانی،محترمہ سینیٹرنسرین جلیل اورڈاکٹر نصرت،اراکین رابطہ کمیٹی،حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء،اراکین قومی وصوبائی اسمبلی،سابق ناظمین اورایم کیوایم کے شعبہ جات کے ارکان کے علاوہ کراچی کے تمام سیکٹرز ویونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران اورکارکنان نے شرکت کی،اجلاس میں خواتین نے بھی بہت بڑی تعداد میں شرکت کی جن میں مائیں ،بہنیں،بچیوں اوراسکول، کالج اوریونیورسٹی کی طالبات شامل تھیں جبکہ اندرون سندھ ،صوبہ پنجاب ،بلوچستان،خیبرپختونخواہ،گلگت بلتستان اور آزادکشمیر میں بھی ایم کیوایم کے تمام صوبائی،ضلعی اور زونل دفاتر میں جناب الطاف حسین کا خطاب سننے کیلئے بیک وقت کارکنان کے اجتماعات منعقد کیے گئے ۔ جنرل ورکرز اجلاس کے سلسلے میں کراچی میں ایم کیوایم کی جانب سے لال قلعہ گراؤنڈ اوراس کے اطراف میں زبردست انتظامات منعقد کیے گئے تھے اورلال قلعہ گراؤنڈ میں کارکنان کیلئے فرشی نشستوں کا اہتمام کیا گیا تھا، پنڈال میں سامنے کی جانب بڑی اسکرین لگائی گئی تھی جس پر قائدتحریک الطاف حسین کی تصویر نمایاں تھی اورجلی حروف میں ''جنرل ورکرز اجلاس،محترم بانی وقائد جناب الطاف حسین کا خطاب'' تحریر تھا۔ ہنگامی جنرل ورکرز اجلاس میں سوشل میڈیا کا خصوصی کیمپ لگایا گیا تھا جبکہ پرنٹ والیکٹرونک میڈیا کے نمائندوں کیلئے پریس گیلری بنائی گئی تھی، پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا بعدازاں بارگاہ رسالتؐ میں ہدیہ نعت پیش کیا گیا۔ 12 گھنٹے سے بھی قلیل نوٹس پر منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس میں کارکنان نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی۔ جس کے باعث لال قلعہ گراؤنڈ کا وسیع گراؤنڈ تنگ پڑ گیا اورکارکنان کی بہت بڑی تعداد نے اطراف کی گلیوں میں کھڑے ہوکر جناب الطاف حسین کا ٹیلی فونک خطاب سنا۔ ٹھیک 5 بجے مائیک سے جناب الطاف حسین کی ٹیلی فون پرآمد کا اعلان ہوا اس موقع پر ایم کیوایم کا مشہور ترانہ ''ساتھی مظلوموں کا ساتھی ہے......الطاف حسین'' بجایا گیا جس پر پنڈال اور پنڈال کے اطراف کارکنان نے اپنی نشستوں سے کھڑے ہوکر پرجوش انداز میں ترانے کا ساتھ دیا اور جناب الطاف حسین کی آواز پر تپاک استقبال کیا۔ کراچی کی طرح اندرون سندھ ایم کیوایم کے تمام زونل دفاتر،صوبہ پنجاب،خیبرپختونخواہ، بلوچستان،گلگت بلتستان اورآزادکشمیر میں 38 سے زائد مقامات پر قائم ایم کیوایم کے صوبائی وضلعی دفاتر میں بھی کارکنان کے اجتماعات منعقد ہوئے جس میں ضلعی وڈسٹرکٹس اورٹاؤنز کے ذمہ داران وکارکنان نے جناب الطاف حسین کا خطاب سنا۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کے موقع پر
## مختلف شہروں میں تیز بارشوں کے باوجود کارکنان کا مثالی نظم وضبط دیکھنے میں آیا جنہوں نے اپنی نشستوں پر بیٹھ کر
## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کے خطاب کو بغور سماعت کیا

کراچی:۔۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کے موقع پر سندھ کے مختلف شہروں میں تیز بارشوں کے باوجود کارکنان کا مثالی نظم وضبط دیکھنے میں آیا۔جنہوں نے اپنی نشستوں پر بیٹھے کر ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کے خطاب کو بغور سماعت کیا۔

## رضا ہارون اور ڈاکٹر صغیر احمد نے ٹریفک حادثے میں زخمی ہونے پر سیکریٹری سندھ اسمبلی ہادی بخش کی عیادت

کراچی۔۔۔۔8ستمبر،2012ء

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان وحق پرست صوبائی وزراء ڈاکٹر صغیر احمد اور رضا ہارون نے سیکریٹری سندھ اسمبلی ہادی بخش کے ٹریفک حادثے میں زخمی ہونے پر مقامی اسپتال جاکر انکی عیادت کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خیریت دریافت کی۔صوبائی وزراء نے ہادی بخش کی تندرستی وصحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔اس موقع پر ہادی بخش نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین اور حق پرست صوبائی وزراء کا شکریہ ادا کیا۔

☆☆☆☆☆